ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز (27)

12-01-2023

**بہاول پور() پولیس کی ماہ جنوری 2023 کے پہلے عشرے کی کارکردگی رپورٹ جاری، 92 ملزمان گرفتار کرلیے، قماربازوں سے داؤ پر لگی رقم، 10 کلوگرام سے زائد چرس اور 50 گرام آئس برآمد، 1059 لیٹر شراب، 230 لیٹر لہن اور 05 چالو بھٹیاں شراب برآمد، اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 28 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 19 عدد پسٹل 30 بور، 04 عدد پسٹل 9mm، 02 عدد بندوق 12 بور، 01 عدد کاربین 12 بور، 01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد ریپیٹر 12 بور برامد کرلیا، جرائم پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ کمیونٹی پولیسنگ پر بھی توجہ دی جارہی ہے تاکہ عوام اور پولیس میں موجود خلیج کو دور کر کے اعتماد کی فضاء کو بحال کیا جاسکے، جرائم پر مکمل کنٹرول کرنے کے لیے شہری پولیس کا ساتھ اور جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کریں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس نے قماربازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی رقم اور جواء کا سامان برآمد کرلیا۔ شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو 22 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 1059 لیٹر دیسی شراب ، 230 لیٹر لہن معہ 05 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 12 ملزمان کو گرفتار کر کے 10 کلو 930 گرام سے چرس، 50 گرام آئس برآمد کر لی۔ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 26 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 19 عدد پسٹل 30 بور، 04 عدد رپسٹل 9mm، 02 عدد بندوق 12 بور، 01 عدد کاربین 12 بور، 01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد ریپیٹر 12 بور برآمد کرلیا۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "A" کے 10 اور "B" کے 95 سمیت 105 مجرم اشتہاریوں کو جبکہ "B" کے 20 عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔ انتہائی تیز رفتاری، غفلت اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے 08 ملزمان کو گرفتار کیا۔ اسی طرح پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**بہاول پور پولیس کی ماہ جنوری 2023 کے پہلے عشرے کی کارکردگی رپورٹ جاری، 92 ملزمان گرفتار کرلیے**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (28)

12-01-2023

## انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق پولیس ملازمان کی فلاح و بہبود اوران کے مسائل کے حل کے لیے سنئیر و جونئیر پولیس افسران کے ساتھ میٹنگز کا سلسلہ جاری۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا روزمرہ کی بنیاد پر ڈی پی او آفس میں سنئیر و جونئیر پولیس افسران سے میٹنگ کا انعقاد کیا، 20 سے زائد سنئیر و جونئیر پولیس افسران کی شرکت، ملازمان کو درپیش مسائل کے حوالے سے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔

بہاول پور (        ) تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق پولیس ملازمان کی فلاح و بہبود اوران کے مسائل کے حل کے لیے سینئر و جونئیر پولیس افسران کے ساتھ میٹنگز کا سلسلہ جاری، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا روزمرہ کی بنیاد پر ڈی پی او آفس میں سنئیر و جونئیر پولیس آفسران کے ساتھ اجلاس کا انعقاد کیا۔ اجلاس سے خطاب کے دوران انہوں نے افسران اہلکاران کے مسائل پوچھے۔ ڈی پی او نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ملازمان کے مسائل حل کرنا میری اولین ترجیح ہے۔ جائز مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیئے جائیں گے۔ انہوں نے ویلفیئر کے نظام میں بہتری کیلئے اجلاس میں شامل پولیس افسران سے ان کی رائے بھی لی۔ اجلاس میں ضلع بہاولپور سے 20 سے زائد تعداد میں پولیس ملازمان نے شرکت کی اور اپنا مسئلہ بتایا۔ ڈی پی او نے ملازمان کو درپیش مسائل کے حوالے سے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے مزید کہا کہ ڈسپلن پر نو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ کرپٹ اور بُرے کردار کے ملازم کی اس محکمہ میں کوئی جگہ نہیں، اس کے بعد ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ملازمان کے مسائل سنے اور جلد از جلد حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



ڈی پی او عبادت نثار کا پولیس ملازمان کی فلاح و بہبود اوران کے مسائل کے حل کے لیے سنئیر و جونئیر پولیس افسران کے ساتھ میٹنگز کا سلسلہ جاری۔